## رقم اور وظائف

**یہاں متعدد طرح کے وظائف موجود ہیں اوران تمام وظائف کے بارے میں سمجھنا کافی الجھن بھرا ہو سکتا ہے۔ یہ یقینی بنائیں کہ وظائف کے لئے درخواست کرتے وقت آپ پوری مدد حاصل کریں – یہ ضروری ہے کہ آپ وہ رقم اورمدد حاصل کریں جس کے آپ مستحق ہیں۔ کچھ وظائف 'مینز ٹیسٹیڈ' (وسائل کے مطابق) ہوتے ہیں اور آپ سے پوچھا جاتا ہے کہ آپ اور آپ کے کنبے کی آمدنی کتنی ہے۔ جب کہ کچھ وظائف ایسے نہیں ہوتے۔ یہ تمام مختلف نوعیت کے ہوتے ہیں اور صرف اسی صورت میں دیے جاتے ہیں جب آپ ان کے لئے درخواست دیں لہذٰا کس چیز کا انتظار کرر ہے ہیں؟!**

**یہ یقینی بنائیں کہ بینک یا پوسٹ آفس میں آپ کا کھاتہ ہو کیونکہ ممکن ہے کہ رقم ہرماہ سیدھے آپ کے کھاتے میں ادا کی جائے۔**

**سال 2006 سے وظائف کے لئےدرخواست دینے والے ہرفرد کوانٹرویو دینا ہوگا۔ پریشان نہ ہوں! وظائف سے متعلق ایجنسیاں خوشگوار زندگی گزارنےکے لئے درکار رقم حاصل کرنے میں آپ کی مدد کرنے کے لئے ہیں۔ یہ یقینی بنائیں کہ وہ انٹرویو کے دوران آپ یا آپ کے کنبے کو درکار مدد سے آگاہ ہوں، مثلا اگر آپ کو دستخط کرنے یا کسی دوسری زبان میں ترجمہ کرنے کے لئے کسی شخص کی ضرورت ہے۔ انہیں اپنی ضرورت کے بارے میں بتانے سے نہ گھبرائیں !**

**معذوری کے ساتھ گذر بسر کے لئے وظیفہ**

اس کی ادائیگی ہر مہینے کی جاتی ہے اور اس میں آپ کے کنبے کی آمدنی کی وجہ سے کوئی تبدیلی نہیں ہوتی ہے۔ اس رقم کے دو حصے ہوتے ہیں اور آپ اپنی ضروریات کے مطابق دونوں میں سے کوئی ایک یا دونوں ہی حصے حاصل کرسکتے ہیں۔

**1۔ دیکھ بھال پر مشتمل حصہ**

اگرآپ کو اپنی ذاتی دیکھ بھال اور روز مرہ کی مشقوں کے لئے مدد کی ضرورت ہے تو آپ کو اپنی دیکھ بھال میں مدد کے لئے رقم حاصل ہونی چاہئے۔ اس رقم کو آپ تین مختلف شرحوں پر حاصل کر سکتے ہیں اور اس کا انحصارآپ کو درکارمدد پر ہوتا ہے۔

**2۔ نقل و حرکت پر مشتمل حصہ**

اگر آپ کو نقل و حرکت کے لئے مدد کی ضرورت ہے تو آپ اس میں اپنی مدد کے لئے رقم حاصل کر سکتے ہیں۔ اس میں دو سطحیں ہوتی ہیں جنہیں آپ حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ چل پھر سکتے ہیں اورآپ کو رہنمائی یا مدد کے لئے کسی شخص کی ضرورت ہو تواس کی شرح کم ہوتی ہے۔ اگر آپ چل نہیں سکتے یا اس میں کافی دشواری ہوتی ہے تواس کی شرح زیادہ ہوتی ہے۔ آپ ایسی صورت میں بھی اس شرح کو حاصل کر سکتے ہیں اگر آپ چل پھر سکتے ہیں لیکن ہمیشہ کسی شخص کوساتھ رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے، اگر آپ بہرے اور اندھے ہوں، یا اگرآپ چلنے سے علیل ہو سکتے ہوں۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ آسان پارکنگ کے لئے بلیو بیج کی درخواست کر سکتے ہیں تاکہ آپ کو روڈ ٹیکس کی ادائیگی نہ کرنی پڑے۔

**عمل:**

وظائف سے متعلق انکوائری (پوچھ تاچھ کی) لائن کو فون کریں۔ ٹیلی فون: 0800 88 22 00

**وظیفہ برائے محافظین**

اگر آپ معذوری کے ساتھ زندگی بسر کرنے (DLA) کے دیکھ بھال پر مشتمل حصے کی درمیانی یا اعلی ترین شرح حاصل کرتے ہیں تو آپ کے کنبے یا نگراں کو بھی نگرانوں کا وظیفہ مل سکتا ہے۔ اس کے لئے ان کو ایک ہفتے میں 35 گھنٹوں سے زائد آپ کی دیکھ بھال کرنی ہوگی اور لازمی طور پر ان کی آمدنی ایک ہفتے میں £82 سےزائد نہیں ہونی چاہیے۔ ان کی عمر لازما 16 سال سے زائد ہونی چاہیئے اور وہ پورے ہفتے اسکول یا کالج نہیں جاتے ہوں۔ نگرانوں کا بنیادی وظیفہ ایک ہفتے میں £45.70 ہوتا ہے لیکن آپ کا کنبہ زیادہ حاصل کر سکتا ہے۔

**عمل**

وظائف سے متعلق انکوائری (پوچھ تاچھ کی) لائن کو فون کریں۔ ٹیلی فون: 00 22 88 0800

**براہ راست ادائگیاں**

اگر آپ کے سماجی کارکن کے ذریعے آپ کی تشخیص ایسے شخص کے طور پر کی گئی ہے جس کو مدد درکار ہے لیکن اگر آپ کی کونسل آپ کی خواہش کے مطابق یہ مدد فراہم نہیں کرسکتی ہے تو آپ براہ راست ادائیگیوں کے لئے کوشش کرسکتے ہیں اور انہیں حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کی عمرلازمی طور پر 16 سال سے زائد ہونی چاہیئے اورآپ کا ایک بینک کھاتہ ہونا چاہیئے۔ رقم اسی کھاتے میں جمع کی جائے گی اور آپ کو لازمی طورپر یہ ثابت کرنے کے قابل ہونا چاہیئے کہ آپ نے اپنے بتائے گئے طریقے پر رقم خرچ کی ہے اور آپ مدد کے ذریعہ اس کا بندوبست کر سکتے ہیں۔ مثلا آپ اپنے گھر میں مدد کےلئے ایک معاون کارکن کو کرائے پر حاصل کر سکتے ہیں تاکہ آپ خود مختار طور پر زندگی گذار سکیں یا مختلف سرگرمیوں کے لئے باہر جا سکیں۔ براہ راست ادائیگیاں آپ کے دوسرے وظائف کو متاثر نہیں کرتیں۔

**عمل**

مزید معلومات کے لئے مندرجہ ذیل لنک ملاحظہ فرمائیں:

http://www.direct.gov.uk/DisabledPeople/FinancialSupport/FinancialSupportArticles/fs/en?CONTENT_ID=10016128&chk=NHagZX

http://www.multikulti.org.uk/

اپنی مقامی کونسل یا سماجی کارکن سے رابطہ کریں اور وہ آپ کے لئے ڈائرکٹ پیمنٹز کی جانب سے کسی شخص کے ساتھ بات کرنے کے لئے ملاقات کا انتظام کریں گے۔

**آمدنی میں تعاون**

اگر آپ ایک ہفتے میں 16 گھنٹوں سے کم کام کرتے ہیں اور آپ کے بینک کھاتے میں کافی رقم موجود نہیں ہے تو آپ آمدنی میں تعاون حاصل کرسکتے ہیں۔ آپ ایک ہفتے میں کتنی رقم کماتے ہیں اس کی جانچ کی جائے گی اور آپ اس کی بنیاد پرآمدنی میں زیادہ یا کم تعاون حاصل کر پائیں گے۔ اگر آپ کو آمدنی میں تعاون حاصل ہوتا ہے تو آپ اسپتال آنے جانے کے سفرکے لئے بھی مدد حاصل کر سکتےہیں۔ اگر آپ حاملہ ہیں یا ابھی ابھی کسی بچے کو جنم دیا ہے تو آپ مفت دودھ اور وٹامنس بھی حاصل کر سکتی ہیں۔

**عمل**

وظائف سے متعلق انکوائری (پوچھ تاچھ کی) لائن کو فون کریں۔ ٹیلی فون: 00 22 88 0800

**رہائشی فوائد**

آپ اپنے گھر کے کرائے میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کا کنبہ کتنا کماتا ہے اس کی جانچ کی جائے گی اور یہ جانچ اس بات کو متاثر کرے گی کہ آپ کتنی مدد حاصل کرسکتے ہیں۔ اگر آپ یا آپ کے کنبے کو آمدنی میں تعاون حاصل ہوتا ہے تو عام طور پر آپ رہائشی وظائف کے ذریعہ اپنے مکان کا کرایہ ادا کرسکیں گے۔

**عمل**

وظائف سے متعلق انکوائری (پوچھ تاچھ کی) لائن کو فون کریں۔ ٹیلی فون: 0800 88 22 00

**کونسل ٹیکس کی رعایت**

1۔ اگر آپ کا اپنا مکان ہےتو آپ معذوری کے سبب اپنے ادا کیے جانے والے ٹیکس میں مندرجہ ذیل زمرے تک تخفیف حاصل کر سکتے ہیں۔

2۔ اگر آپ کرائے کے گھر میں رہتے ہیں اوراگرآپ کو رہائشی فوائد یا آمدنی میں تعاون ملتا ہے تو آپ اپنے کونسل ٹیکس میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

**عمل**

اپنی مقامی کونسل کی تلاش کریں اور درخواست کے لئےکہیں۔

http://www.direct.gov.uk/Dl1/Directories/LocalCouncils/fs/en

**ورکنگ ٹیکس کریڈٹ**

اگر آپ ہر ہفتے کافی رقم نہیں کماتے ہیں تو آپ اس کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ کتنا کماتے ہیں اس کی جانچ کی جائے گی اورآپ اپنے ٹیکسوں کی ادائیگی میں مدد کے لئے £1,600 سے زائد رقم حاصل کر سکتے ہیں۔

**عمل**

اپنے مقامی جاب سینٹر یا سماجی خدمات کے دفتر سے اس کے بارے میں دریافت کریں۔ آپ انٹرنیٹ پربھی فارم بھرسکتے ہیں:

http://www.hmrc.gov.uk/taxcredits/downtime.htm

**چائلڈ ٹیکس کریڈٹ**

اگر آپ یا آپ کے کسی بھی بھائی یا بہن کی عمر19 سال سے کم ہے اوروہ اسکول یا کالج میں زیر تعلیم ہیں تو آپ کے کنبے کی آمدنی کی جانچ کی جائے گی اوراس کی بنیاد پر آپ کے کنبے کو زیادہ یا کم رقم حاصل ہوگی۔

**عمل**

اپنے مقامی جاب سینٹر یا سماجی خدمات کے دفتر سے اس کے بارے میں دریافت کریں۔ آپ انٹرنیٹ پربھی فارم بھرسکتے ہیں:

http://www.hmrc.gov.uk/taxcredits/downtime.htm

**نا اہلیت سے متعلق وظائف**

یہ ان لوگوں کی مدد کے لئے ہے جو کام کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ اگر آپ کی عمر 16 سال سے زائد ہے اورآپ کسی کالج یا ایسے نصاب میں زیر تعلیم نہیں ہیں جو صرف معذوروں کے لئے ہے توآپ اسےحاصل کر سکتے ہیں ۔ یہ مختلف سطحوں پرہوتا ہے اور اس کا انحصار اس بات

پر ہوتا ہے کہ آپ کتنی مدت تک کام کرنے کے قابل نہیں رہے اور اس کے لئے آپ کو اپنے ڈاکٹر کی جانب سے ایک خط کی ضرورت ہوگی جس میں اس بات کی وضاحت ہو کہ آپ کام نہیں کر سکتے۔

**عمل**

وظائف سے متعلق انکوائری (پوچھ تاچھ کی) لائن کو فون کریں۔ ٹیلی فون: 00 22 88 0800

**تعلیمی رکھ رکھاؤ کا وظیفہ**

اس کا مطلب ہے کہ اگر آپ 16 سال کی عمر کے ہیں اور اسکول میں قیام کر رہے ہیں تو آپ مدد کے لئےرقم حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ ایک ہفتے میں £30 – £10 تک کی رقم حاصل کر سکتے ہیں اور اگر آپ اپنا قیام جاری رکھتے ہیں تو آپ £500 تک کی بونس رقم حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ جہاں چاہیں اس رقم کو خرچ کرسکتے ہیں! اچھا لگتا ہے نا؟ درخواست فارم کے لئے مندرجہ ذیل لنک پر کلک کریں۔ آپ کے والدین یا نگراں اس فارم کو بھرنے میں آپ کی مدد کرنی ہوگی – آپ کے لئے اس مدد کو حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ان کی سالانہ آمدنی £30,000 سے کم ہو۔

**عمل**

http://www.dfes.gov.uk/financialhelp/ema/index.cfm?fuseaction=home

**اور کون مدد کر سکتا ہے؟**

**یہ فہرست کا اختتام نہیں ہے۔ دوسری طرح کے مالی امداد اور وظائف موجود ہیں جنہیں آپ تلاش کرسکتے ہیں۔**

**نقل وحرکت**

نقل و حرکت میں مدد کے لئے ٹریپ اسکوپ کو0845 7585641 پر فون کریں۔
http://www.tripscope.org.uk

**معذورلوگوں کی سہولیات سے متعلقہ امداد**

اپنے گھرمیں تبدیلی میں مدد کے لئے دیکھیں کہ آیا آپ اپنی مقامی کونسل سے معذور لوگوں کی سہولیات سے متعلق امداد حاصل کر سکتےہیں۔ اس کے بارےمیں مزید معلومات کے لئے ملاحظہ فرمائیں:

http://www.direct.gov.uk/DisabledPeople/HomeAndHousingOptions/YourHome/YourHomeArticles/fs/en?CONTENT_ID=4000642&chk=sI4nRl

**فیملی فنڈ**

فیملی فنڈ ایسی صورت میں کسی ایسی چیز کی ادائیگی کے لئے آپ کی مدد کر سکتا ہے جو آپ کے طرز رہائش کے لئے ضروری ہو لیکن آپ کی حیثیت اس چیزکو حاصل کرنے کی نہیں ہو۔ http://www.familyfund.org.uk/

**کنبے سے رابطہ کریں**

ہیلپ لائن سے رابطہ کریں اور فوائد کے بارے میں بہت سی معلومات حاصل کریں۔ ان کو 0808 808 3555 پر فون کیا جاسکتا ہے۔ http://www.cafamily.org.uk.

**ویلفیئر رائٹس (فلاحی حقوق)**

یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جنیہں یہ یقینی بنانے کے لئے تربیت دی جاتی ہےکہ آپ کو ہر وہ چیز حاصل ہو رہی ہوجس کے آپ مستحق ہیں۔ سٹیزنزایڈوائس بیوروان سے یا کسی ایسے شخص سے بھی آپ کا رابطہ کروا سکتا ہے جسے مدد کے لئے تربیت دی گئی ہے۔ کسی بھی سرچ انجن میں"ویلفیئر رائٹس" اور اپنے قصبے کا نام ٹائپ کریں اور وہ آپ کو بتا ئیں گے کہ وہ کہاں واقع ہیں۔ آپ اپنے قریبی سٹیزنزایڈوائس بیورو کا پتہ اس ویب سائٹ سے حاصل کرسکتے ہیں:

http://www.citizensadvice.org.uk/macnn6/